شر	غاسق	اذاوقب	ومن	شر	النفثت	فی	العقد	ومن	شر	حاسد
غاسق	اذاوقب	ومن	شر	النفثت	فی	العقد	ومن	شر	حاسد	اذا
اذاوقب	ومن	شر	النفثت	فی	العقد	ومن	شر	حاسد	اذا	حسد

ڈپریشن

ڈپریشن ایک ایسا مرض ہے جو فی زمانہ جوانوں اور بوڑھوں، مردوں اور عورتوں سب کو اپنی گرفت میں لیے ہوئے ہے۔ کوئی بھی فرد جو اس مرض کا شکار ہو یا اس کو بلاوجہ خوف آتا ہو یا یادداشت کی کمزوری یا لوگوں سے ملنے جلنے سے خوف یا معمولی باتوں پر اعصاب کا جواب دے جانا معمول بن جائے تو مندرجہ ذیل عمل کو پابندی سے کریں۔ انشاءاللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

صبح اول وقت میں اٹھیں اور ایک مخصوص وقت پر روزانہ ایک خاص جگہ بیٹھ کر "یااللہ، یاوارث" کی پانچ تسبیحاں پڑھیں اول آخر درود شریف بھی پانچ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس کے بعد خلوص قلب سے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ آپ کو ہمت اور قوت عطا کرے اور آپ کے ذہنی اور جسمانی عوارض میں اصلاح فرمائے اور آپ کو شفا دے۔

ایک دوسرا عمل یہ ہے کہ رات کو جب سونے کے لیے لیٹیں تو بستر پر چت لیٹ کر اپنے

اعصاب کوڈھیلا چھوڑ دیں۔اس کے بعد انتہائی اطمینان اور سکون کے ساتھ خود کلامی کے انداز میں یہ کہیں کہ مجھے کوئی کمزوری، خوف اور شرمندگی نہ ہے۔ میرے اعصاب مضبوط ہو رہے ہیں اور میرے تمام خوف اور اندیشے مجھے نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ یہ عمل مسلسل دو تین ماہ کریں۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ا	ل	ل	ه	و	ا	ر	ث	ح	ف	ی	ط	ق	ا	م	ا	ل	ل	ه
ه	ا	ل	ل	ل	ل	ا	ه	م	و	ا	ا	ق	ر	ط	ث	ی	ح	ف
ف	ه	ح	ا	ی	ل	ث	ل	ط	ل	ر	ل	ق	ا	ا	ه	ا	م	و
و	ف	م	ه	ا	ح	ه	ا	ا	ی	ا	ل	ق	ث	ل	ل	ر	ط	ل
ل	و	ط	ف	ر	م	ل	ه	ل	ا	ث	ح	ق	ه	ل	ا	ا	ا	ی
ی	ل	ا	و	ا	ط	ا	ف	ل	ر	ه	م	ق	ل	ح	ه	ث	ل	ا
ا	ی	ل	ل	ث	ا	ه	و	ح	ا	ل	ط	ق	ا	م	ف	ه	ل	ر
ر	ا	ل	ی	ه	ل	ف	ل	م	ث	ا	ا	ق	ه	ط	و	ل	ح	ا
ا	ر	ح	ا	ل	ل	ر	ی	ط	ه	ه	ل	ق	ف	ا	ل	ا	م	ث
ث	ا	م	ر	ا	ح	ل	ا	ا	ل	ف	ل	ق	و	ل	ی	ه	ط	ه
ه	ث	ط	ا	ه	م	ی	ر	ل	ا	و	ح	ق	ل	ل	ا	ف	ا	ل
ل	ه	ا	ث	ف	ط	ا	ا	ل	ه	ل	م	ق	ی	ح	ر	و	ل	ا
ا	ل	ل	ه	و	ا	ر	ث	ح	ف	ی	ط	ق	ا	م	ا	ل	ل	ه

گھر میں اتفاق

عموماً لوگوں کو گھر میں نا اتفاقی، لڑائی، جھگڑے اور ایسے ہی مسائل کی شکایت ہوتی ہے۔ ایسی کسی بھی صورتحال میں بعد از فجر یا عصر گھر میں عام استعمال کے پانی یا چینی پر "یا اللہ یا ودود یا لطیف یا جامع" پڑھ کر پھونک دیں اور یہ چینی یا پانی گھر کے تمام افراد استعمال کریں۔ یہ عمل کم سے کم تین ماہ تک کریں۔

اس کے علاوہ ذیل میں دیا نقش شرف قمر یا شرف زہرہ کے اوقات میں زعفران سے تحریر کر کے پانی میں گھول کر سب گھر والوں کو پینے کے لیے دیں۔ شرف قمر اور شرف زہرہ کے اوقات آپ ماہنامہ راہنمائے عملیات اور خالد روحانی جنتری میں دیکھ سکتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الله	ودود	لطیف	جامع	الله	وارث
ودود	لطیف	جامع	الله	وارث	حفیظ
لطیف	جامع	الله	وارث	حفیظ	متعال
جامع	الله	وارث	حفیظ	متعال	شهید
الله	وارث	حفیظ	متعال	شهید	ظاهر
وارث	حفیظ	متعال	شهید	ظاهر	قیوم
حفیظ	متعال	شهید	ظاهر	قیوم	الله

ناراض خاوند

عموماً شادی کے بعد ابتدائی ایام میں میاں بیوی میں باہم اتفاق ہی ہوتا ہے۔ تاہم وقت کے ساتھ اچھے برے حالات سامنے آتے رہتے ہیں۔ اگر کوئی ایسی صورت ہو کہ خاوند اپنی بیوی سے ناراض

ہو جائے یا بیوی خاوند سے ناراض ہو جائے تو روحانی حل کے طور پر مندرجہ ذیل عمل کر سکتے ہیں۔

بوقت تہجد یا فجر میں سے کوئی ایک وقت جو آپ کو آسان لگے۔اس کا انتخاب کر کے روزانہ گیارہ تسبیحاں (یا ودود) کا ذکر اول آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ کریں۔ جب "یا ودود" کا ذکر کر رہیں ہوں تو اس وقت جو بھی فرد ناراض ہو یعنی میاں یا بیوی اس کی شکل تصور میں رکھیں اور یہ خیال کریں کہ وہ آپ سے رجوع کر رہا ہے۔اس عمل کو کم سے کم چالیس دن کریں۔ دوران عمل اپنے اعتماد اور یقین کو قائم رکھیں۔ انشاءاللہ شریک حیات کے دل میں محبت و الفت پیدا ہو جائے گی۔

تکلیف دہ ازدواجی حالات کئی عورتوں کو شکایت ہوتی ہے کہ ان کا خاوند جھگڑالو ہے یا مار پیٹ کرتا ہے یا گالیاں نکالتا ہے، گھر اور بچوں کو خرچ نہیں دیتا یا جوا کھیلتا ہے۔تو ایسی تمام شکایتوں کے حل کے لیے "یا اللہ یا رحمن یا رحیم یا واسع" کا ذکر پانچ تسبیحوں کی تعداد میں روزانہ ایک مقررہ وقت پر کریں۔اول آخر پانچ مرتبہ درود شریف پڑھ لیں بعد از پڑھائی اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ آپ کے حالات میں بہتری پیدا کرے اور خاوند کو راہ راست پر لائے وغیرہ وغیرہ۔اس کے ساتھ ساتھ ذیل میں دیئے گئے حروف کو زعفران سے کاغذ پر تحریر کر لیں اور اس نقش کو پانی میں گھول کر خاوند کو پینے کے لیے دے دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ا	ل	ل	ہ	ر	ح	م	ن	ر	ح	ی	م	و	ا	س	ع
ع	ا	س	ل	ا	ل	و	ہ	م	ر	ی	ح	ح	م	ر	ن
ن	ع	ر	ا	م	س	ح	ل	ح	ا	ی	ل	د	و	م	ہ
ہ	ن	م	ع	ز	ر	د	ا	ل	م	ی	س	ا	ح	ح	ل
ل	ہ	ح	ن	ح	م	ا	ع	س	و	ی	د	م	د	ل	ا

اگر ممکن ہو تو مندرجہ بالا نقش شرف قمر کے اوقات میں تحریر کریں۔ تاہم آپ کو اگر شرف کی سمجھ

نہ ہو تو جمعہ کے دن فجر کی نماز کے بعد اس کو تحریر کرلیں۔

یکسوئی

کسی بھی کام میں کامیابی یکسوئی یا ارتکاز توجہ کا ہونا امر لازم ہے۔ تاہم وہ لوگ جن میں ان امور کی کمی ہو یا جن کے خیالات جلد منتشر ہو جاتے ہوں یا گھبراہٹ اور خوف کا شکار ہو جاتے ہوں۔ ان کو مندرجہ ذیل عمل کرنا چاہیے انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔ روزانہ فجر کے وقت "یا قوی یا واحد" کا ذکر اول آخر درود شریف کے ساتھ پانچ تسبیحوں کی تعداد میں کریں۔ بعد از عمل اپنے مسائل کے حل کے حوالے سے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔

اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی کریں کہ ایک سفید کاغذ پر ایک موٹا گول نقطہ لگا کر اس کو ایسی دیوار پر چسپاں کردیں جو سفید رنگ کی ہو۔ نقطے کا رنگ کالا ہونا چاہیے۔ اگر سفید دیوار نہ ہو تو سفید چادر لٹکا کر بھی کام چلایا جاسکتا ہے۔ کرنا یہ ہے کہ دیوار سے چھ سے دس فٹ کے فاصلے پر بیٹھ جائیں اور نقطے پر اپنی نگاہ جما دیں۔ کوشش کریں پلکیں نہ جھپکیں۔ نقطہ کبھی پھیلتا اور کبھی سکڑتا محسوس ہوگا تاہم اپنی نظر اور توجہ نقطے پر ہی رکھیں۔ یہ عمل روزانہ دس منٹ کے لیے کریں اور اس میں ناغہ نہ آنے دیں۔ انشاء اللہ یہ عمل آپ کی یکسوئی بڑھانے میں معاون ثابت ہوگا۔ توجہ نقطہ پر مرکوز رکھیں۔ اگر جالا آئے یا درست نظر نہ آئے تو غور کرتے رہیں۔ آہستہ آہستہ نقطہ نظر آئے گا۔ کچھ عرصے کے بعد درمیانی فاصلہ بڑھا دیں۔ اور وقت بھی دس منٹ سے بڑھا دیں اور کم از کم پندرہ منٹ تک لے جائیں۔

بے سکون ذہن

بعض اوقات انسان ایک کے بعد دوسرے مسئلے میں پھنستا چلا جاتا ہے اور اسے مسائل سے باہر

نکلنے کا راستہ نظر نہیں آتا۔ ایک کے بعد دوسرا مسئلہ انسانی ذہن کو بے سکونی کا شکار کر دیتا ہے۔ اس طرح کی بے کلی، بے سکونی اور مسائل کی حل کے لیے بعد از فجر اور عشاء کے اول آخر درود شریف کے ہمراہ پانچ تسبیحاں "یا اللہ، یا رحمن، یا رحیم" کی پڑھیں۔ بعد از ذکر اللہ تعالیٰ سے اپنے مسائل کے حل لیے رقت قلب سے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ مسائل حل ہو جائیں گے اور ذہن کو سکون ملے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم
اللہ	الرحمن	الرحیم	اللہ
الرحمن	الرحیم	اللہ	سلام
الرحیم	اللہ	سلام	مصور
اللہ	سلام	مصور	اللہ

بدتر زندگی

ایسے خاندان جن میں کمانے والا ایک ہی فرد ہو اور اس کی موت کے بعد خاندان کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی فرد نہ ہو تو افراد خانہ کئی طرح کے مسائل کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ایک خاتون جس کے خاوند کی وفات کے بعد ماہانہ تنخواہ کے بندش اپنی جگہ اس کے عزیز و اقارب نے خاوند کی جائیداد سے اُسے بے دخل کر دیا اور بچوں سمیت بے سہارا چھوڑ دیا اُسے ذیل کا عمل بتایا اور اللہ تعالیٰ نے اُس کے حال پر خصوصی شفقت فرمائی۔ اگر کوئی مرد و زن ایسے حالات سے گزر رہا ہو تو وہ ذیل کا عمل کرے۔

ہر نماز کے بعد تین دفعہ اول آخر درود شریف پڑھیں اور جہاں نماز پڑھی جائے وہاں بیٹھ کر ایک تسبیح "یا واسع" کی پڑھیں۔ یہ عمل دن میں پانچ مرتبہ یعنی ہر نماز کے بعد کرنا ہے اس کے ساتھ ساتھ

ذیل میں تحریر کردہ نقش کاغذ پر لکھ کر یا چاندی پر کندہ کروا کر سائل اپنے پاس رکھے تو مزید بہتر ہے۔

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا جبار یا متکبر یا مصور یا سمیع

یا حفیظ یا رقیب یا مجیب یا واسع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

خوبصورتی

بعض اوقات چہرے پر داغ دھبے، کالے نشان یا چھوٹی چھوٹی پھنسیاں وغیرہ بن جاتی ہیں۔ ایسی صورت میں لڑکیاں تو جہاں پریشان ہوتی ہیں وہاں آجکل کے لڑکے بھی حسن وخوبصورتی کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ حسن وخوبصورتی جسم کی نشوونما اور ایسے ہی دیگر مقاصد کے لیے جہاں دوائی علاج مفید ہوگا وہاں درج ذیل روحانی طریقہ کار اختیار کر کے بھی آپ حسن اور خوبصورتی میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ یہ طریقہ کار عورتوں اور مردوں کے لیے یکساں موثر ہے۔

جو بھی دوا ءیا کریم وغیرہ استعمال کریں اس کے اوپر "یا سلام" گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر چہرے یا جس بھی عضو کی اصلاح مطلوب ہو اس پر ہاتھ پھیر لیا کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ اگر درج ذیل نقش کو چاندی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھ لیں تو بھی مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ا	ل	ل	ہ	س	ل	ا	م	م	ص	و	ر	ا	ل	ل	ہ
ہ	ا	ل	ل	ل	ل	ا	ہ	ر	س	و	ل	ص	ا	م	م
م	ہ	م	ا	ا	ل	ص	ل	ل	ل	و	ل	س	ا	ر	ہ
ہ	م	ر	ہ	ا	م	س	ا	ل	ا	و	ل	ل	ص	ل	ل
ل	ہ	ل	م	ص	ر	ل	ہ	ل	ا	و	م	ا	س	ل	ا

امتحان

عموماً طالب علموں کو امتحان کے دنوں میں عجب گھبراہٹ اور پریشانی کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کی زیادہ تر وجہ یہ ہوتی ہے کہ انھوں نے مکمل تیاری نہیں کی ہوتی۔ بہرحال ایسا مسئلہ امتحانوں کی مکمل تیاری کے باوجود ہو یا اس معاملے کی وجہ کوئی اور بھی ہو' تب بھی وہ تمام طالب علم جو امتحانوں میں یاداشت کی کمزوری' سبق کا ذہن سے نکل جانا' گھبراہٹ کا شکار ہونا' ذہن میں آئے ہوئے جواب کا بھول جانا جیسی شکایتوں کا شکار ہوں انھیں چاہیے کہ فجر اور عشاء کے وقت روزانہ ایک تسبیح ''یا قیوم یا حافظ'' کی پڑھ لیا کریں اور ذکر کے بعد اپنے مقاصد کے حوالے سے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ آپ کو امتحان میں کامیاب کرے اور جو بھی آپ کی جسمانی شکایات ہیں انھیں دور کرے۔

اس کے علاوہ سبق یاد رکھنے کے لیے یعنی سبق بھولے نہ تو اس مقصد کے لیے سورۃ الفاتحہ کو سات مرتبہ روزانہ پانی پر دم کر کے پی لیا کریں اس عمل کو دو تین ماہ مسلسل کریں' انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ رب زدنی علما کو شرف قمر میں زعفران سے تحریر کر لیں اور ایک نقش روزانہ کا پانی میں گھول کر پی لیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ر	ب	ز	د	ن	ی	ع	ل	م	ا
ا	ر	م	ب	ل	ز	ع	د	ی	ن
ن	ا	ی	ر	د	م	ع	ب	ز	ل
ل	ن	ز	ا	ب	ی	ع	ر	م	د
د	ل	م	ن	ر	ز	ع	ا	ی	ب
ب	د	ی	ل	ا	م	ع	ن	ز	ر

لال بیگ، چھپکلی اور چوہے وغیرہ سے ڈر

بعض لوگ خصوصاً خواتین عموماً چھپکلی، چوہے اور لال بیگ وغیرہ سے خوف زدہ ہوتی ہیں۔ حالانکہ یہ موذی حشرات نہیں ہیں لیکن پھر بھی نفسیاتی طور پر بعض لوگ ان سے خوف زدہ رہتے ہیں۔ اس خوف کی بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ بچوں کو بچپن میں ان حشرات یا جن بھوت سے ڈرایا جاتا ہے ایسا کرنے سے بچے کے لاشعور میں ڈرائی جانے والی اشیاء سے خوف پیدا ہو جاتا ہے اور بڑا ہونے کے باوجود لاشعور کے کسی کونے میں بیٹھا یہ خوف پریشان کرتا رہتا ہے۔

بہر حال وجہ کچھ بھی ہو رات کو سونے سے پہلے تین تسبیحاں "یا اللہ یا حفیظ" کی پڑھیں اور جب رات کو بستر پر سونے کے لیے لیٹیں تو چت لیٹ کر اپنے جسم کو ڈھیلا چھوڑ دیں اور خود کلامی کے انداز میں اپنے آپ سے کہیں، مجھے لال بیگ وغیرہ (یعنی جس بھی چیز سے ڈر لگتا ہو اس کا نام لیں) سے ڈر نہیں لگتا' یہ مجھے نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ میں اس سے زیادہ طاقت ور ہوں۔ اس عمل کو کم از کم دو تین ماہ کریں' کوشش کریں درمیان میں وقفہ نہ آئے۔ اس عمل کے ذریعے آہستہ آہستہ آپ کے لاشعور سے خوف دور ہو جائے گا اور آپ ڈر اور خوف کا شکار نہیں ہو گے۔ پچھلے صفحات میں ڈپریشن کے لیے جو نقش

دیا گیا ہے وہ بھی استعمال کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الله	حفیظ	رحمن	وارث	مہدی	ضار	موخر
موخر	الله	ضار	حفیظ	مہدی	رحمن	وارث
وارث	موخر	رحمن	الله	مہدی	ضار	حفیظ
حفیظ	وارث	ضار	موخر	مہدی	رحمن	الله
الله	حفیظ	رحمن	وارث	مہدی	ضار	موخر

روزگار کا نہ ملنا

بہت سے لوگوں کی شکایت ہوتی ہے کہ باوجود کوشش کے انھیں کوئی مناسب نوکری وغیرہ نہیں ملتی۔ یا جو بھی کام کرتے ہیں اس میں کامیابی نہیں ہوتی۔ ایسی تمام شکایتوں کے حل کے لیے بعد از فجر بارہ تسبیحاں "یا باسط" کی پڑھیں اور بعد از ذکر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ آپ کی مسائل حل کرے۔ اس کے ساتھ ساتھ ذیل میں دیا گیا نقش زعفران سے تحریر کر کے اپنے پاس رکھیں انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ا	ل	غ	ض	س	ط	ر	ح	م	ن	ی	و	ع	ث	ز	ق
ق	ا	ز	ل	ث	ہ	ع	ب	ز	[illegible]	ی	ط	ن	ر	م	ح
ح	ق	م	أ	ر	ز	ن	ل	ط	ث	ی	ہ	س	ع	و	ب
ب	ح	و	ق	ع	م	س	ا	ہ	ر	ی	ز	ث	ن	ط	ل

ا	ہ	س	ر	م	ی	ع	ز	ق	ث	و	ن	ح	ط	ب	ل
ق	ز	ث	ع	و	ی	ن	م	ح	ر	ط	س	ب	ہ	ل	ا

اعتماد نہیں ہے

یہ عنوان نہیں ایک طویل خط میں تحریر کردہ مسائل کی اصل حقیقت ہے اس سائل کی پریشانیاں یہ ہیں کہ کسی سے بات کرنے کی ہمت نہیں ہوتی۔ بمشکل بات کر پاتا ہے۔ بات کرتے ہوئے ایک آدھ سوال جواب کا معاملہ آ جائے تو پسینہ آنے لگتا ہے اور جسم اپنا آپ چھوڑتا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ جسم کانپنے لگ جاتا ہے اور یوں لگتا ہے کہ کسی نے زیادہ زور دے کر کچھ کہا یا معمولی سی انگلی لگائی تو زمین پر گرنے میں کوئی کسر نہیں رہ جائے گی۔ اس مسئلہ کی وجہ سے یہ صاحب اپنی ازدواجی اور معاشی زندگی میں بھی ناکام اور پریشان ہیں۔

فرد پریشان ہے کہ یہ کیا بیماری یا بیماریاں ہیں‘ کسی جن بھوت پری کا سایہ ہے‘ سادہ سی چل رہی ہے یا رشتہ داروں نے جائیداد کے لیے تعویذ اور جادو کر کے اس حال میں پہنچا دیا ہے۔ ایسے اور معاملات بھی ہیں جو بلا وجہ صفحات کالے کریں گے۔

تاہم اس فرد کے مسئلہ کا خصوصی جائزہ لیا جائے تو رزلٹ یہ نکلتا ہے کہ یہ سب کسی بیرونی وجہ یا جادو ٹونہ کے باعث پیدا ہونے والے مسائل نہیں بلکہ فرد در حقیقت خود اعتمادی کی شدید کمی کا شکار ہے۔ وہ تمام افراد جو اس قسم کے مسائل کا شکار ہوں ان کے لیے لازم ہے کہ درج ذیل نقش کو زعفران سے کسی چینی یا شیشے کے برتن پر تحریر کریں اور شہد اور پانی میں اس تحریر کو مکس کر کے پی لیں۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم○

بسم اللہ الرحمن الرحیم○

الحمد اللہ رب العلمین ○ الرحمن الرحیم ○ ملک یوم الدین ○

ایاک نعبد و ایاک نستعین ○ اھدنا الصراط المستقیم ○

صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم و لا الضالین ○

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ○

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○

یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ

یا لطیف یا قائم یا باقی یا لطیف

یا اللہ یا اللہ یا اللہ

یا اللہ

اس روحانی عمل کے ساتھ ساتھ ایک کام یہ کریں کہ جب رات کو بستر پر سونے کے لیے لیٹ جائیں تو آنکھیں بند کر کے اپنے جسم کو ڈھیلا چھوڑ دیں۔ بالکل چیت لیٹیں۔ دماغ کو بشاش، پُرسکون اور خالی رکھتے ہوئے اپنے آپ سے کہیں کہ مجھے کسی سے بات کرنے، ملنے اور بحث کرنے سے خوف نہیں آتا۔ میں تمام کاموں کو اعتماد کے ساتھ مکمل کر سکتا ہوں۔ میں کامیاب ہوں گا۔

بس یہ فقرے دہراتے رہیں اور نیند آنے تک اس عمل کو کرتے رہیں۔ یہ عمل اور روحانی علاج کم از کم ایک سے دو ماہ تک کریں۔

حسد و نظر

بہت سے لوگوں کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ دوسرے لوگ اُن کے بچوں، اُن کی کامیابی، اُن کے گھر

اور خوشحالی وغیرہ سے حسد کرتے ہیں اور اس حسد کی وجہ سے بچوں کو نظر لگ جاتی ہے یا اُن کے کاروبار یا گھریلو معاملات حسد اور نظر لگنے کے باعث ابتری کی کیفیت کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یوں افراد خانہ ایک اجتماعی نوعیت کے خوف اور پریشانی کا ہر وقت شکار رہتے ہیں۔

حسد ہو یا نظر لگے یا ایسے ہی کسی بھی معاملے کا جو فرد یا گھر شکار ہو اس کا آسان عمل یہ ہے کہ گھر کا وہ کمرہ جس کو اہل خانہ سب سے زیادہ استعمال کرتے ہوں اس میں آیت الکرسی کو درج ذیل طریق پر کسی دھات یا کاغذ پر تحریر کر کے نمایاں جگہ پر لٹکا دیا جائے۔ دھات پر کندہ کروانا چاہیں تو تانبہ یا چاندی یا سونا استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر کاغذ پر لکھنا چاہیں تو سفید رنگ کے کاغذ پر اصل زعفران سے تحریر کریں۔ اسی طرح جو فرد زیادہ متاثر ہو اس کے کمرے میں الگ سے بھی یہ طریقہ اختیار کیا جا سکتا ہے۔ آیت الکرسی کو اس طور کاغذ پر تحریر کر کے یا تانبے یا چاندی کی چھوٹی پلیٹ پر کندہ کر کے فرد ہمہ وقت اپنے پاس بھی رکھ سکتا ہے۔ جیب میں رکھ لیں یا بستر کے تکیہ وغیرہ میں بھی رکھ سکتے ہیں۔

یوں تو اس عمل کو آپ منگل کے دن بعد از فجر تیار کر سکتے ہیں تاہم جن کو نجوم کی سمجھ ہے وہ اس کو شرف قمر، عطارد وغیرہ جیسے کسی سعد وقت میں تحریر کر سکتے ہیں۔ گلے میں ڈال لیں۔ اسی طرح کمرے میں کسی الماری میں رکھیں یا بستر کے تکیہ وغیرہ میں بھی رکھ سکتے ہیں۔

اگر مسئلہ کی نوعیت شدید ہو تو مندرجہ بالا طریق پر آیت الکرسی تانبے (صرف تانبہ ہی استعمال کرنا ہے کوئی اور دھات نہیں) پر کندہ کروالیں اور پھر اس کندہ شدہ آیت الکرسی کو شیشے کے کسی برتن میں ڈال دیں اور اس میں پانی ڈال دیں۔ یہی پانی مسئلہ کا شکار فرد یا تمام اہل خانہ دن بھر پیتے رہا کریں۔ انشاء اللہ ذہنی اور جسمانی کیفیت میں غیر معمولی طور پر بہتری آئے گی۔ اعصاب پر طاری خوف، پریشانی اور بے بسی جیسی پریشانیاں ختم ہو جائیں گی۔

نقش اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں۔

نقش آیتِ الکرسی

الله لا اله الا	هو الحی	القیوم	لاتاخذہ سنة	ولا نوم له ما	فی السموت	وما فی	الارض من	ذا الذی	یشفع عندہ	الا باذنه	مابین
هو الحی	القیوم	لاتاخذہ سنة	ولا نوم له ما	فی السموت	ومافی	الارض من	ذا الذی	یشفع عندہ	الا باذنه یعلم	مابین	ایدیهم وما
القیوم	لاتاخذہ سنة	ولانوم له ما	فی السموت	وما فی	الارض من	ذا الذی	یشفع عندہ	الا باذنه یعلم	ما بین	ایدیهم وما	خلفهم
لاتاخذہ سنة	ولا نوم له ما	فی السموت	وما فی	الارض من	ذا الذی	یشفع عندہ	الا باذنه یعلم	ما بین	ایدیهم وما	خلفهم	ولایحیطون
ولانوم له ما	فی السموت	ومافی	الارض من	ذا الذی	یشفع عندہ	الاباذنه یعلم	مابین	ایدیهم وما	خلفهم	ولا یحیطون	بشئی من
فی السموت	مو فی	الارض من	ذا الذی	یشفع عندہ	الا باذنه یعلم	ما بین	ایدیهم وما	خلفهم	ولایحیطون	بشئی من	علمه الا
وما فی	الارض من	ذا الذی	یشفع عندہ	الاباذنه یعلم	مابین	ایدیهم وما	خلفهم	ولایحیطون	بشئی من	علمه الا	بماشاء وسع
الارض من	ذا الذی	یشفع عندہ	الاباذنه یعلم	ما بین	ایدیهم وما	خلفهم	ولایحیطون	بشئی من	علمه الا	بماشاء وسع	کرسیه
ذا الذی	یشفع عندہ	الا باذنه یعلم	ما بین	ایدیهم وما	خلفهم	ولایحیطون	بشئی من	علمه الا	بماشاء وسع	کرسیه	السموت
یشفع عندہ	الا باذنه یعلم	ما بین	ایدیهم وما	خلفهم	ولایحیطون	بشئی من	علمه الا	بماشاء وسع	کرسیه	السموت	والارض
الا باذنه یعلم	ما بین	ایدیهم وما	خلفهم	ولایحیطون	بشئی من	علمه الا	بماشاء وسع	کرسیه	السموت	والارض	ولایوده
ما بین	ایدیهم وما	خلفهم	ولایحیطون	بشئی من	علمه الا	بماشاء وسع	کرسیه	السموت	والارض	ولایوده	حفظهما وهو
ایدیهم وما	خلفهم	ولایحیطون	بشئی من	علمه الا	بماشاء وسع	کرسیه	السموت	والارض	ولایوده	حفظهما وهو	العلی العظیم

رشتہ/شادی ہوتے ہوتے رہ جانا

یہ مسئلہ کافی شدت کے ساتھ سامنے آتا ہے کہ رشتہ نہیں ہوتا یا رشتہ آتا تو ہے لیکن کسی نہ کسی وجہ سے معاملہ طے ہوتے ہوتے رہ جاتا ہے۔ عموماً لوگوں کہتے ہیں شکل صورت بھی ٹھیک ہے اور گھر بار بھی۔ رشتہ کسی حد تک طے بھی پا جاتا ہے لیکن حتمی بات ہونے سے پہلے دوسرا فریق رابطہ ختم کر دیتا ہے۔ اسی طرح کی تمام صورتوں میں وہ لڑکی یا لڑکا جس کا مسئلہ ہو فجر کے بعد سورہ یٰسین کو سات مرتبہ اور عشاء کے بعد سورہ اخلاص کو سات مرتبہ اول آخر درود شریف سات سات بار کے ساتھ پڑھے۔ اس عمل کو اس وقت تک جاری رکھیں جب تک رشتہ/شادی نہیں ہو جاتی۔ ذیل میں ایک نقش تحریر ہے اس کو چاندی پر کندہ کر کے بطور لاکٹ استعمال میں لائیں۔

پریشان کن زندگی

سائل نے خط میں کئی ایک مسائل کی تفصیل لکھی ہے جن میں سے زیادہ شدت کے حامل معاملات کو الگ کیا جائے تو بات کچھ یوں ہے کہ افراد خانہ طویل عرصہ سے مالی اور معاشی پریشانی کا شکار ہیں۔ آمدن میں اضافہ نہیں ہوتا۔ ملنے جلنے والے لوگوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی در آتی جارہی ہے۔ کئی طرح کی مشکلات ہیں وغیرہ وغیرہ۔

وہ تمام خاندان جو ایسے مسائل کا سامنا کر رہے ہیں کے لیے ذیل میں ایک عمل تحریر کر رہا ہوں اس کو انجام دیں انشاءاللہ معاملات میں بہتری واقع ہوگی۔

گھر کا کوئی بڑا یا کوئی بھی فرد بعد نماز فجر یہ پڑھائی کر کے چینی یا پینے کے پانی پر دم کر دے اور تمام لوگ اس کو استعمال میں لائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: 7 مرتبہ

الحمد شریف: 7 مرتبہ

آیت 22 اور 23 سورہ حشر: 7 مرتبہ

یا اللہ: 1100 مرتبہ

اس پڑھائی کو کر کے تمام گھر والوں کا اور گھر کا تصور کر کے ان پر پھونک بھی دیں۔ بعد پڑھائی خلوص قلب کے ساتھ معاملات کی بہتری کے لیے اللہ سے دعا کریں انشاءاللہ بہتری ہوگی۔

ناقابل بیان مسائل

ایک سائل کا انتہائی درد بھرا خط ملا۔ صاحب خط تحریر کرتے ہیں کہ وہ ایسے مسائل کا شکار ہیں کہ اللہ کا

خوف نہ ہو تو پتا نہیں کیا کلمہ کفر ادا کر بیٹھیں۔ اچھے بھلے کھاتے پیتے گھرانے پر ایسے مسائل ٹوٹ پڑے ہیں کہ زندگی کا پہیہ الٹا چلنا شروع ہو گیا ہے۔ نظر ایسے آتا ہے کہ اب کام بنا کہ بنا لیکن عین موقعہ پر آ کر بنا بنایا کام اور امید مٹی میں مل جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آپ کو ان مسائل سے محفوظ رکھے اور آپ کے مسائل میں آسودگی پیدا کرے۔ ذیل میں ایک عمل تحریر کر رہا ہوں کوشش کریں اس پر مکمل طور پر عمل پیرا ہوں۔ ذات الٰہی سے امید کامل ہے کہ آپ کے مسائل کا حل نکل آئے گا۔

بعد از فجر درج ذیل تسبیح کریں۔ تسبیح کی تعداد 2100 ہے اور اس کو روزانہ کرنا ہے اور مسلسل کرتے رہیں۔ چھوڑنا نہیں ہے۔ انشاء اللہ بہتری ہو گی۔

یا اللہ یا الرحمن

اس کے ساتھ ساتھ چاہے ایک روپیہ یا اس سے زائد جیسا کہ گنجائش ہو اللہ کی راہ میں خیرات کرنا اپنا کم و بیش روزانہ کا معمول بنالیں۔ ذیل میں ایک نقش تحریر ہے۔ اس کو شرف قمر یا جمعہ کے دن بعد از جمعہ زعفران سے تحریر کر کے اپنے پاس رکھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م

م ب ی س ح م ر ا ل ل ا ل ن ہ م ا ح ل ر

ر م ل ب ح ی ا س م ح ہ م ن ر ل ا ا ل ل

ل ر ل م ا ل ا ب ل خ ر ی ن ا م س ہ م ح

ح ل م ر ل ی م م ا ا ل ن ا ی ب ر ل ح

ح ح ل ل ر م ب ر ی ہ ا ل ن م ا م ا

ا ح م ح ا ل م ل ل ر س م ن ب ل ر ا ی ہ

ہ ا ی ح ا م ر ح ل ا ب ل ن م م ل س ل ر

ر ہ ل ا س ی ل ح مْ ا م م ن ر ل ح ب ل ا

ا ر ل ہ ب ل ح ا ل س ر ی ن ل م ح م م ا

ا ا م ر م ل ح ہ م ب ل ل ن ح ی ا ر ل س

س ا ل ا ر م ا ر ی م ح ل ن ح ل ہ ل م ب

ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م

ردسحر، غیر مرئی اثرات و مخلوق

سحر زدہ فرد کے علاج کے لیے پہلے بھی اعمال تحریر کر چکا ہوں۔ تاہم کئی دفعہ عجیب عجیب مطالبات قارئین کی طرف سے آتے ہیں۔ ایسے ہی مطالبات میں سے ردسحر اور علاج سحر کے لیے مجرب اور زوداثر عمل کی بار بار درخواست کی جاتی ہے۔

حالانکہ یہ حقیقت ہے کہ جو کچھ بھی تحریر کرتا ہوں وہ موثر و مجرب ہوتا ہے اور ہر طرح کے شک سے بالاتر ہوتا ہے۔ ہاں یہ الگ بات ہے کہ عمل کو کس طرح اور کس جگہ استعمال کیا گیا اور عمل کرنے والے کی اپنی روحانی، عملیاتی اور واقعاتی حیثیت کیا ہے۔ کسی بھی عمل کے موثر ہونے میں یہ سب امور اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ بہر حال اس بحث سے قطع نظر ذیل میں ایک عمل تحریر کر رہا ہوں جو کہ گو آسان عملیات کے عنوان کے تحت ہے لیکن جو بھی اس کو کرے محتاط رویہ اختیار کرے کیونکہ یہ اپنے اثرات میں حتمی موثر عمل ہے جس کو درمیان میں کسی بھی حالت میں نہیں چھوڑنا چاہیے۔ کتنا بھی خوف محسوس کریں اور کتنا ہی ماحول متاثر کن اور خوفناک ہو جائے اس کو تکمیلی شکل دینا لازم ہے۔

عمل کے لیے کچھ اشیاء درکار ہوں گی۔ ذیل میں ان کو تحریر کیے دیتا ہوں تمام تیاری کر کے عمل کے لیے بیٹھیں۔

کوئلہ: 1/2 کلو

زعفران: 7 تولے درجہ اول نقلی نہ ہو

پھول گلاب خشک: 7 تولے۔ پرانے نہ ہوں

برادہ صندل: 7 تولے اصل اور موٹا ہو

اگر: 7 تولے اصل ہو

گڑ: 7 تولے پرانا ہو

عمل سے پہلے ماسوائے کوئلہ کے تمام اشیاء کو ہلکا ہلکا کوٹ لیں اور آپس میں ملا دیں۔ پھر جب عمل کے لیے تیار ہو تو نہا دھو کر باوضو حالت میں تمام عمل میں رہے۔ بعد غسل غیر استعمال شدہ کپڑے استعمال کرے۔ عمل وقت سے قبل کوئلے دہکائے۔ پھر ایسے وقت جب زائچہ وقت درست ہو یا کم از کم قمر حالت نحس میں نہ ہو اس وقت کو عمل کے لیے اختیار کرے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ جس فرد پر اثرات ہوں اس کو سامنے بیٹھائے اور آیۃ الکرسی کی تلاوت شروع کرے اور اس بخور کو جو پہلے بتایا گیا ہے اونچی آواز میں تلاوت کے ساتھ کوئلوں پر آہستہ آہستہ ڈالتا رہے۔

خیال رہے اگر عمل کرنے والا فرد کمزور مزاج ہو تو بخور کو دوگنا بنا کر رکھے تا کہ طوالت عمل میں خاتمہ بخور سے گھبرا نہ جائے۔ کیونکہ جو ذرا دوسرا۔

پڑھائی کے دوران جو بھی صورت حال پیش آئے متاثرہ شخص (سحر زدہ) جتنا بھی شور مچائے یا گفتگو کرے اس کا جواب نہیں دینا صرف پڑھائی پر توجہ دینی ہے اور بخور جلاتے رہنا ہے۔ یہاں تک کہ سحر زدہ شور وغل کرنے کے بعد نارمل حالت میں آ جائے۔

پس جب اس بات کا یقین ہو جائے کہ فرد سے اثر ختم ہو گیا ہے اور اب وہ نارمل ہے تو پڑھائی اور بخور بند کر دو۔ یہاں تک عمل ختم ہوا۔ بعد میں سحر زدہ اور عامل اپنی اپنی طرف سے کوئی جاندار کسی ضرورت مند کو بطور صدقہ اللہ واسطہ لازم دیں تا کہ نحوست ورجعت عمل یا خود عمل کے کسی بھی قسم کے اثرات معمول یا عامل پر واقع نہ ہوں۔

عمل مکمل ہونے کے فوراً بعد درج ذیل نقش لوح چاندی پر کندہ کر کے سائل کو استعمال کرنے کے لیے دیں۔

بسم	الله	الرحمن	الرحیم	واحد	حفیظ	رب	اعوذ	بک من	همزت
الله	الرحمن	الرحیم	واحد	حفیظ	رب	اعوذ	بک من	همزت	الشیطن
الرحمن	الرحیم	واحد	حفیظ	رب	اعوذ	بک من	همزت	الشیطن	و اعوذ بک
الرحیم	واحد	حفیظ	رب	اعوذ	بک من	همزت	لشیطن	و اعوذ بک	رب ان
واحد	حفیظ	رب	اعوذ	بک من	همزت	لشیطن	و اعوذ بک	رب ان	یحضرون
حفیظ	رب	اعوذ	بک من	همزت	لشیطن	و اعوذ بک	رب ان	یحضرون	حفیظ
رب	اعوذ	بک من	همزت	الشیطن	و اعوذ بک	رب ان	یحضرون	حفیظ	واحد
اعوذ	بک من	همزت	الشیطن	و اعوذ بک	رب ان	یحضرون	حفیظ	واحد	بسم
بک من	همزت	الشیطن	و اعوذ بک	رب ان	یحضرون	حفیظ	واحد	بسم	الله
همزت	الشیطن	و اعوذ بک	رب ان	یحضرون	حفیظ	واحد	بسم	الله	الرحمن
الشیطن	و اعوذ بک	رب ان	یحضرون	حفیظ	واحد	بسم	الله	الرحمن	الرحیم

اثر اگر فرد کی بجائے گھر کی کسی خاص جگہ یا کمرے وغیرہ میں ہو تو یہی عمل مقررہ وقت اور طریقہ کار

سے مسلسل تین دن حناثرہ کرے میں کریں اور مندرجہ بالا نقش کو اس حناثرہ کرے میں کسی اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔

خیال رہے یہ ایک موثر و مجرب اور تیزی سے کام کرنے والا خصوصی عمل ہے۔ سو اس کو بیان کئے ہوئے طریقہ کار کے مطابق کریں اور بات اپنی عقل سے تبدیل نہ کریں ویسے ہی کریں جیسے لکھا گیا ہے۔ بخور بھی مکمل اور طریقہ کار کے مطابق استعمال کریں۔ بخور کے وزن میں کمی بیشی نہ کریں اور نہ ہی گھٹیا اور سستے بخور استعمال کریں۔ یہ عمل کا حصہ ہیں اور ان میں ملاوٹ یا ناقص ہونا عمل کی اثر پذیری کو متاثر کرے گی۔ اور اس طرح محنت بھی ہو گی اور رزلٹ بھی نہ نکلے گا۔ جس قدر توجہ اور دیئے گئے طریقہ کار کی پابندی کریں گے اسی قدر کامیابی کے امکان زیادہ ہوں گے۔ انشاءاللہ۔

شادی کے مسائل

رشتہ اور شادی کے حوالے سے جو بھی مسئلہ ہو یعنی رشتہ نہ آتا ہو یا آ کر جواب ہو جاتا ہو یا رشتہ و شادی میں بلاوجہ رکاوٹ ہو یا ایسے ہی کسی دیگر مسئلہ کا شکار ہوں تو درج ذیل عمل کریں۔

جمعرات سے بعد عشاء درج ذیل عمل روزانہ تین تسبیحوں کی تعداد میں پڑھیں:۔

"بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ یا واسع یا ودود یا جامع"

انشاءاللہ جو بھی شادی وغیرہ کا مسئلہ ہو گا حل ہو گا۔

ذیل میں ایک نقش دیا جا رہا ہے۔ جن کے لیے ممکن ہو اس کو چاندی پر کندہ کر کے استعمال میں لائیں یہ نقش اگر شرف یا اوج قمر و زہرہ کے وقت تحریر کر لیں تو زیادہ بہتر ہے۔ یہ اوقات آپ راہنمائے عملیات اور خالد روحانی جنتری سے دیکھ سکتے ہیں۔

الرحیم	الرحمن	اللہ	بسم

الله	الرحمن	الرحیم	لطیف
الرحمن	الرحیم	لطیف	واسع
الرحیم	لطیف	واسع	ودود
لطیف	واسع	ودود	جامع

خاتمہ افلاس

وہ جو افلاس کا شکار ہو یا مفلس و نادار ہو گیا ہو اس کو چاہیے کہ نئے چاند سے درج ذیل عمل کرے۔

بعد از فجر روزانہ اول درود شریف سات مرتبہ پڑھے اور پھر یا اللہ یا رحمٰن یا وھاب یا رزاق یا اللہ ایک ہزار بار پڑھے اور پھر درود شریف سات بار پڑھ لے۔ انشاء اللہ افلاس کا خاتمہ ہو گا اور مفلسی دور ہو گی۔ اللہ کی رحمتیں نازل ہوں گی اور رزق و مال میں برکت اور وسعت ہو گی۔

ذیل میں ایک نقش استخراج کر دیا گیا ہے جو چاہیں اس کو کسی سعد وقت میں تحریر کر کے کام کی جگہ پر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ بہتری واقع ہو گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رحمن	الله	رزاق	وھاب
وھاب	رزاق	الله	رحمن
الله	رحمن	وھاب	رزاق
رزاق	وھاب	رحمن	الله

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[illegible]

ہلاکت دشمن

نفس انسانی جن مسائل کا شکار کرتا ہے ان میں سے ایک مخالف یا دشمن سے انتقام بھی ہے۔ ہر فرد اپنے اپنے معاملے کے حوالے سے اس امر پر اپنے خیالات اور تحفظات رکھتا ہے۔ ہمارا مقصد یہاں صرف عمل بیان کرنا ہے۔ کس موقع پر اس کا استعمال ہو سکتا ہے اور کس پر نہیں۔ اس امر کو طے کرنا عمل کرنے والے پر منحصر ہے۔ سو اپنی سوچ اور سمجھ کے مطابق کرنے نہ کرنے وغیرہ جیسے امور کا فیصلہ خود کریں۔ عمل کچھ یوں ہے۔

جس فرد سے چھٹکارا پانا مقصود ہو یا اس کو ہلاکت و پریشانی میں ڈالنا چاہیں تو مٹی کی ایک لوح / پلیٹ بالکل سادہ بنا کر اس پر متعلقہ فرد کی شکل بنالیں۔ پھر اس پر سورہ فیل ایک سو ایک مرتبہ پڑھیں اور تصور دشمن کا اور اس کی بربادی، پریشانی یا ہلاکت یعنی جو بھی مطلوب ہو اس کا قائم کریں۔ یہ عمل سات دن مسلسل کریں اور اختتام عمل پر اس مٹی کی لوح کو زمین کھود کر دفن کر دیں۔ جو بھی دشمن ہو گا وہ ہلاکت و پریشانی میں پڑ جائے گا۔

درج ذیل کلمات کو شکل کے ذہن پر یعنی سر پر تحریر کر دیں۔

شکل

ایسے اعمال کے حوالے سے سوال موصول ہوتے ہیں کہ کب کریں۔ اس عمل کے کرنے کا وقت زوال قمر کا ہے اور مٹی کی لوح کو ساعت زحل یا ہفتہ کے دن دفن کر دیں تو زیادہ بہتر ہے۔

حصول مقصد کے لیے اس مکمل عمل کو ایک سے زائد بار کر سکتے ہیں۔ تاہم خاص احتیاط کی ضرورت ہے ایسے اعمال میں اگر رجعت ہو جائے تو کرنے والے کے لیے بھی مصیبت بن جاتی ہے۔

برائے دفع آسیب

کچھ لوگوں نے اس حوالے سے اعمال پوچھے ہیں۔ خیال رہے ایسے سوال کرنا تو ہر درجہ آسان ہے لیکن ایسے اعمال کے لیے دل گردہ مضبوط ہونا بھی حد درجہ ضروری ہے۔ کیونکہ عمل آپ نے کرنا ہے اور اگر عامل کے پاس روحانی قوت یا تجربہ نہ ہو یا اس کی ضروری تربیت نہ ہو تو پھر ایسے اعمال سے دور رہنا چاہیے۔ بہر حال سوال آیا ہے سو اس کا جواب تحریر کیا جا رہا ہے۔ عمل کچھ یوں ہے۔

آسیب زدہ کو سامنے بٹھائیں اور پھر اس کو دھونی دیں۔ دھونی دینے کے دوران درج ذیل عمل کو مسلسل پڑھتے رہیں۔

سورہ فاتحہ

سورہ جن

ان سورتوں کے پڑھنے کی تعداد مقرر نہیں۔ جیسے ہی پڑھائی کریں گے اس وقت آسیب زدہ جو ردعمل کرے گا اس کے مطابق پڑھائی کرنا ہو گی۔ ردعمل میں دیر ہو تو کافی وقت تک مسلسل ان سورتوں کو آسیب زدہ پر پڑھتے اور اس پر پھونکتے رہیں۔ انشاءاللہ فائدہ ہو گا۔

ایک اور عمل برائے دفع آسیب

مندرجہ بالا عمل نسبتاً سخت اور ہر ایک فرد کے بس کی بات نہیں۔ سو ذیل میں ایک عمل دے رہا ہوں۔ یہ آسان ہے اور کرنے میں اتنا خطرہ بھی نہیں ہے۔

کرنا یہ ہے کہ آسیب زدہ کو روزانہ سورہ بقرہ کی تلاوت سنائیں اور ساتھ ہی پانی پر دم کر کے اس کو پینے کے لیے دیں انشاء اللہ اچھے نتائج آئیں گے۔

رجعت عمل / پڑھائی

ایک نیم عامل صاحب کا خط ہے کہ کئی سالوں سے حاضرات وغیرہ کے مختلف اعمال کرتا آ رہا ہوں اور جزوی کامیابی ہوئی ہے۔ مشکل یہ آن پڑی ہے کہ اب ہر وقت ان کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ پڑھائی کے اثر کی وجہ سے تسخیر ہونے والی مخلوقات ان کے دائیں بائیں رہتی ہیں۔ ان کو احساس ہوتا ہے کہ وہ کمرے میں اکیلے نہیں بلکہ ان کے ساتھ کوئی اور بھی کمرے میں موجود ہے۔ کوئی آواز وغیرہ نہیں ہوتی لیکن کسی کی موجودگی کا احساس ہوتا ہے اور کبھی کبھی ایک ٹھنڈی سی لہر تمام جسم سے گزرتی محسوس ہوتی ہے۔

ان صاحب کے روحانی علاج تجویز کرنے کے لیے کہا ہے۔ اس سلسلے میں پہلا مشورہ تو یہ ہے کہ آپ پہلے ہی روحانی تجربات کی بھٹی سے گزر چکے ہیں اور بھٹی کی تپش آپ کو محسوس ہو رہی ہے۔ سو ذاتی طور پر اپنا علاج خود کرنا آپ کے لیے ممکن نہ ہوگا۔ اس مقصد کے لیے کسی تجربہ کار اور صاحب عمل فرد کا انتخاب بہت ضروری ہے۔ آپ علاج کی غرض سے مجھ سے رجوع کر سکتے ہیں۔ یا کوئی بھی اور صاحب جن پر آپ کو اعتماد ہو ان سے رجوع کر لیں۔ تاہم میں یہ نہیں سمجھ سکا کہ آپ کے استاد یا وہ لوگ جو ان اعمال میں آپ کی راہنمائی کرتے رہے اب کہاں ہیں؟ اور آپ کے علاج میں ناکام کیوں ہو گئے ہیں؟ ان اصحاب کو اگر فن عملیات میں مہارت نہیں تھی تو ان کو آپ سے ایسے اعمال کروانے ہی نہیں چاہیے تھے۔

بہر حال آپ اگر خود اپنا علاج کرنے کے خواہش مند ہیں تو پچھلی سطور میں جو عمل "برائے دفع

آسیب" دیا گیا ہے اس کو کر لیں۔

کیل مہاسے اور کریمیں

ایک خاتون نے رابطہ کیا ہے اور ان کا مسئلہ یہ ہے کہ دنیا جہاں کی کریمیں اور علاج وہ کیل مہاسے ختم کرنے کے لیے کر چکی ہیں لیکن اثر نہیں ہوتا۔ بلکہ مرض بڑھتا جا رہا ہے اور لا علاج کی سی حالت پیدا ہو گئی ہے۔

دیکھا جائے تو کیل مہاسے کم و بیش اکثر خواتین کو ہو جاتے ہیں جن کی کچھ طبی وجوہات بھی ہوتی ہیں اور بعض اوقات تو عمر کے مطابق یہ تکلیف خود بخود بھی ختم ہو جاتی ہے۔ بہر حال اُن حالتوں میں جہاں مسئلہ بہت بڑھ جائے یا جیسا کہ اس سائلہ نے لکھا کہ مرض لا علاج ہو گیا ہے تو درج ذیل عمل کریں انشاء اللہ بہتری ہو گی۔

درج ذیل اسماء الہی کو روزانہ بعد از فجر اکیس سو دفعہ پڑھ کر پانی پر پھونک لیں اور یہ پانی مسلسل استعمال میں رکھیں۔ جتنا زیادہ پی سکیں اتنا زیادہ بہتر ہے۔ وہ مکمل اسماء یہ ہیں:۔

"یا اللہ یا سلام یا مصور یا اللہ"

صحت یابی تک یہ عمل کریں اور ذیل میں دیا نقش چاندی پر کندہ کروا کر بطور لاکٹ استعمال کریں۔ مرجان کا استعمال بھی مفید ثابت ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	سلام	مصور	اللہ
اللہ	بسم	مصور	اللہ	سلام	الرحمن	الرحیم
الرحیم	اللہ	الرحمن	بسم	سلام	مصور	اللہ
اللہ	الرحیم	مصور	اللہ	سلام	الرحمن	بسم

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	سلام	مصور	اللہ

غصہ

یہ بھی ایک خاتون کا خط ہے جس میں اظہار کرتی ہیں کہ ان کو جا بے جا غصہ حد درجہ آتا ہے اور حالت غصہ میں وہ سخت ڈپریشن اور خوفناک رویے کا مظاہرہ کرتی ہیں۔ اس عادت پر قابو پانا چاہتی ہیں لیکن عملی طور پر ایسا ممکن نہیں ہوتا۔ جتنا بھی خیال کریں غصہ میں ذہنی حالت ایک دم تبدیل ہو جاتی ہے اور پھر ہر چیز کنٹرول سے باہر ہو جاتی ہے اور دماغ اس وقت کام کرنا شروع کرتا ہے جب سارا غبار زبان کے راستے یا کبھی کبھی ہاتھوں کے راستے باہر آ جاتا ہے۔

ذیل میں ایک عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔ اس مرض کے شکار تمام لوگ اس کو کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

عمل یہ ہے کہ ذیل میں دیئے نقش کو زعفران سے تحریر کریں اور روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر پی لیں۔ نقش نئے چاند سے لکھنے شروع کریں اور فجر کے بعد تحریر کریں۔ کچھ وقت لگے گا۔ تاہم آہستہ آہستہ فرق پڑتا رہے گا اور غصہ کنٹرول ہوگا۔ نقش یہ ہے

بسم	اللہ	الرحمن	الرحیم	اللہ
اللہ	الرحمن	الرحیم	اللہ	رحمن
الرحمن	الرحیم	اللہ	رحمن	رحیم
الرحیم	اللہ	رحمن	رحیم	لطیف
اللہ	رحمن	رحیم	لطیف	اللہ

سیاہ حلقے

حسن اتفاق سے یہ خط بھی ایک خاتون کا ہے۔ ان کو شکایت ہے کہ ان کا آنکھوں کے نیچے بلکہ چہار اطراف سیاہ حلقے پڑے ہیں۔ تمام جسم کے علاج کروا چکی ہیں۔ افاقہ نہیں ہوتا۔ ڈاکٹری، ہومیو، حکمت اور عملیات ان کا کچھ سنوار نہیں سکے بلکہ صرف اخراجات ہو رہے ہیں۔ ان کو کسی نہ بتایا ہے کہ یہ کالے جادو کی وجہ سے ہو سکتے ہیں۔

تاہم اس حوالے سے میرا جواب یہ ہے کہ یہ حلقے صرف اور صرف جسمانی کمزوری کی وجہ سے ہیں۔ اچھی خوراک کھائیں پھل اور جوس استعمال کریں ہر وقت کسی وجہ یا بلاوجہ پریشان ہونا چھوڑ دیں اور کچھ عرصہ بعد آپ خود بخود ان حلقوں سے نجات پا لیں گی۔ یہ جادو یا کسی کالے عمل کی وجہ سے نہیں ہیں نہ ہی ایسی خوفناک بیماری ہے کہ ڈاکٹری تجربہ گاہ بنیں۔

بس صحت اور ورزش پر توجہ دیں، خوراک ٹھیک کریں اور نفسیاتی مسائل سے چھٹکارا حاصل کریں۔ بس یہی آپ کا علاج ہے۔ جب اجازت دے تو پکھراج اور یاقوت (روبی) کا استعمال کریں۔ ان کی شعاعیں بھی مثبت طور پر اثر ڈالیں گی۔

طاقت بخش ادویات

یہ ایک جوان کا خط ہے جس نے جسم بنانے اور جسمانی وحیوانی طاقت کے حصول کے لیے طاقت بخش ادویات وغیرہ استعمال کیں اور اب اس کی جلد اور جسم اس وجہ سے حساس ہو گیا ہے۔ اس کے لیے نمک مرچوں کا سالن کھانا محال ہو گیا ہے دھوپ سے الرجی ہو جاتی ہے اور اگر کہیں گرد وغیرہ ہو تو اس سے بھی فوری طور پر الرجی کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔ ان حالات و واقعات نے اس کی زندگی اجیرن کر دی

ہمارے یہاں مشترکہ خاندانی نظام میں جہاں بہت ساری خوبیاں ہیں وہاں کئی ایک مسائل بھی سامنے آتے ہیں۔ ان مسائل میں سے ایک سسرالی رشتہ داروں کا گھر میں آنے والی خاتون کے ساتھ نامناسب رویہ ہوتا ہے۔ ایک ایسا ہی مسئلہ ہمیں موصول ہوا ہے۔ جس میں خاتون خانہ جس کی شادی کو سال بھر سے زیادہ ہو گیا ہے۔ سسرال والوں کے نامناسب رویے کا شکار ہے۔ اُس کے مطابق وہ جو کوشش اُن کو راضی کرنے کے لیے کر سکتی تھی کر چکی ہے لیکن ان کو مطمئن یا خوش کرنا ممکن ہی نہیں پا رہا۔ ساس اور نندیں جو پہلے پیار کرتے نہیں تھکتی تھیں اب علیحدگی اور طلاق وغیرہ جیسی باتوں کے کچھ منہ سے نہیں نکالتیں۔

اس قسم کی صورت حال یا اس سے ملتی جلتی صورت حال کا شکار خواتین کو چاہیے کہ وہ قرآن پاک کی مندرجہ ذیل آیت کو بعد از فجر ایک سو بار پڑھیں۔

"قل لعبادی یقولو التی ھی احسن ان الشیطن ینزغ بینھم اِن کان للانسان عدد ا مبینا"(اسرائیل :53).

مندرجہ بالا عمل کے علاوہ مندرجہ بالا مصائب میں شکار خواتین کو چاہیے کہ درج ذیل نقش کو کاغذ یا چاندی پر تحریر کر کے اپنے پاس رکھیں۔

ق	ل	ع	ب	ا	د	ی	و	ت	ہ	ح	س	ن	ص	ط	ز	م	ک
ک	ق	م	ل	ز	ع	ط	ب	ص	ا	ن	د	س	ی	ح	و	ہ	ت
ت	ک	ہ	ق	و	م	ح	ل	ی	ز	س	ع	د	ط	ن	ب	ا	ص
ص	ت	ا	ک	ب	ہ	ن	ق	ط	و	د	م	ع	ح	س	ل	ز	ی
ی	ص	ز	ت	ل	ا	س	ک	ح	ب	ع	ہ	م	ن	د	ق	و	ط
ط	ی	و	ص	ق	ز	د	ت	ن	ل	م	ا	ہ	س	ع	ک	ب	ح
ح	ط	ب	ی	ک	و	ع	ص	س	ق	ہ	ز	ا	د	م	ت	ل	ن
ن	ح	ل	ط	ت	ب	م	ی	د	ک	ا	و	ز	ع	ہ	ص	ق	س

س	ن	ق	ح	ش	ل	ہ	ط	ع	ت	ز	ب	و	م	ا	ی	ک	د
د	س	ک	ن	ی	ق	ا	ح	م	ش	ر	ل	ب	ہ	ز	ط	ت	ع
ع	د	ت	س	ط	ک	ز	ن	ہ	ی	ب	ق	ل	ا	و	ح	ش	م
م	ع	ش	د	ح	ت	و	س	ا	ط	ل	ک	ق	ز	ب	ن	ی	ہ
ہ	م	ی	ع	ن	ش	ب	د	ز	ح	ق	ت	ک	ر	ل	س	ط	ا
ا	ہ	ط	م	س	ی	ل	ع	ر	ن	ک	ش	ت	ب	ق	د	ح	ز
ز	ا	ح	ہ	د	ط	ق	م	ب	س	ت	ی	ش	ل	ک	ع	ن	و
و	ز	ن	ا	ع	ح	ک	ہ	ل	د	ش	ط	ی	ق	ت	م	س	ب
ب	و	س	ز	م	ن	ت	ا	ق	ع	ی	ح	ط	ک	ش	ہ	د	ل
ل	ب	د	و	ہ	س	ش	ز	ک	م	ط	ن	ح	ت	ی	ا	ع	ق
ق	ل	ع	ب	ا	د	ی	ر	ت	ہ	ح	س	ن	ش	ط	ز	م	ک

حسب ضرورت رزق

کچھ احباب خواستگار ہیں کہ ان کو رزق کے حوالے سے کوئی مجرب عمل عطا کیا جائے۔ ان کا مسئلہ یہ ہے کہ ان کا کام تو ہے یا چل رہا ہے لیکن ان کو اس قدر آمدنی نہیں ہوتی کہ آسودگی پیدا ہو یا روزانہ کی فکر معاش سے نجات مل سکے۔ اتنا ہی کام چلتا ہے کہ بس گزر بسر ہو سکے۔ گھر میں کوئی خوشی یا غمی آ جائے تو مالی حالت اس قابل نہیں ہوتی کہ خوشی کو خوشی سے منایا جا سکے۔ غمی کی تو بات ہی نہیں' غم کا رونا اپنی جگہ' غربت کا رونا بھی اس میں شامل ہو جاتا ہے۔

وہ لوگ جو اس قسم کے حالات کا شکار ہیں۔ ان کو چاہیے کہ روزانہ ذیل آیت قرآنی کو صبح بعد از فجر پانچ سو دفعہ پڑھیں:۔

إن الله يرزق من يشاء بغير حساب.

(آل عمران:37)۔

اس حوالے سے ایک نقش بھی دیا جا رہا ہے۔ اس کو چاندی پر کندہ کروا کر غلہ یا کیش رکھنے کی جگہ پر رکھیں۔ اس لوح کو کندہ کرنے کے لیے شرف قمر یا ساعت مشتری یا ایسی ہی کسی ساعت وقت کا انتخاب کریں تو زیادہ بہتر نتائج کا حصول ہوگا۔ جو نجوم کی سمجھ نہیں رکھتے وہ جمعرات کے دن فجر کے بعد کندہ کر لیں۔

ا	ص	ن	ط	ل	ح	ہ	ک	ی	ر	د	ق	م	ش	ب	ع	ح	س
س	ا	ح	ص	ع	ن	ب	ط	ش	ل	م	ح	ق	ہ	د	ک	ر	ی
ی	س	ر	ا	ک	ح	ز	ص	ہ	ع	ق	ن	ح	ب	م	ط	ل	ش
ش	ی	ل	س	ط	ر	م	ا	ب	ک	ع	ح	ن	د	ق	ص	ع	ہ
ہ	ش	ع	ی	ص	ل	ق	س	ز	ط	ن	ر	ع	م	ع	ا	ک	ب
ب	ہ	ک	ش	ا	ع	ع	ی	م	ص	ح	ل	ر	ق	ن	س	ط	ز
ز	ب	ط	ہ	س	ک	ن	ش	ق	ا	ر	ع	ل	ع	ح	ی	ص	م
م	ز	ص	ب	ی	ط	ح	ہ	ع	س	ل	ک	ع	ن	ر	ش	ا	ق
ق	م	ا	ز	ش	ص	ر	ب	ن	ی	ع	ط	ک	ح	ل	ہ	س	ع
ع	ق	س	م	ہ	ا	ل	د	ح	ش	ک	ص	ط	ر	ع	ب	ی	ن
ن	ع	ی	ق	ب	س	ع	م	ر	ہ	ط	ا	ص	ل	ک	ز	ش	ح
ح	ن	ش	ع	د	ی	ک	ق	ل	ب	ص	س	ا	ع	ط	م	ہ	ر
ر	ح	ہ	ن	م	ش	ط	ع	ع	د	ا	ی	س	ک	ص	ق	ب	ل
ل	ر	ب	ح	ق	ہ	ص	ن	ک	م	س	ش	ی	ط	ا	ح	د	ع
ع	ل	د	ر	ع	ب	ا	ح	ط	ق	ی	ہ	ش	ص	س	ن	م	ک
ک	ع	م	ل	ن	د	س	ر	ص	ح	ش	ب		ا	ی	ح	ق	ط
ط	ک	ق	ع	ح	م	ی	ل	ا	ن	ہ	د	ب	س	ش	ر	ع	ص
ص	ط	ح	ک	ر	ق	ش	ع	س	ح	ب	م	ز	ی	ہ	ل	ن	ا

ا س ن ط ل ح ہ ک ی ر د ق م ش ب ط ح س

حصول اولاد

وہ جو حصول اولاد کے خواہش مند ہوں ان کو چاہیے کہ زوجین روزانہ فجر کے بعد "یا مصور" کا ذکر ایک ہزار بار کریں۔ جب اولاد کی نیت ہو تب سے اختتام تک اس عمل کو کریں۔ اللہ کے حکم سے انشاءاللہ صاحب اولاد ہوں گے۔

شوہر واپس آجائے

فاصبر ان وعد الله......وسبح بحمد ربک بالعشی والابکار۔

(سورہ مومن:55)۔

وہ خواتین جن کے خاوند کسی وجہ سے ان سے الگ ہو گئے ہوں اور وہ چاہتی ہوں کہ وہ واپس آ جائیں تو مندرجہ بالا آیت کو روزانہ خاوند کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ بعد از پڑھائی صدق دل سے دعا کریں۔ قرآن سے اعراب اور مکمل آیت دیکھ لیں۔

اس کے علاوہ دیئے گئے نقش کو اکیس کی تعداد میں لکھیں اور روزانہ ایک نقش کو پیتے پانی میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ نصیب کھل جائے گا۔

بسم	الله	الرحمن	الرحیم	الله	ودود
الله	الرحمن	الرحیم	الله	ودود	جامع
الرحمن	الرحیم	الله	ودود	جامع	لطیف
الرحیم	الله	ودود	جامع	لطیف	سلام

الله	ودود	جامع	لطیف	سلام	قوی
ودود	جامع	لطیف	سلام	قوی	الله

تنگی رزق

بہت سے لوگ اس بات کی شاکی ہوتے ہیں کہ رزق کی تنگی ہے، رزق فراخ نہیں ہوتا، رزق میں کشادگی نہیں ہے، رزق میں برکت نہیں ہے وغیرہ وغیرہ۔

اس قسم کے مسائل کے حل کے لیے سورہ الم نشرح کو بعد از فجر اونچی آواز میں تلاوت کرے۔ یہ عمل کام دفتر یا کاروبار وغیرہ کی جگہ پر بھی کیا جا سکتا ہے۔ انشاء اللہ اچھے نتائج آئیں گے اور رزق کی تنگی کشادگی میں بدل جائے گی۔

ابتداء عمل نئے چاند سے کریں اور چالیس دن مکمل کریں۔ تلاوت اکتالیس بار کرنی ہے۔ وہ جن کے لیے ممکن ہو اس سورہ کو زعفران سے تحریر کر کے کام کی جگہ پر لگا دیں اور وہ جو عملیات کی سمجھ رکھتے ہیں وہ اس کے اعداد نکال کر سائل کے نام بمعہ نام والدہ میں جمع کر کے مربع نقش چاندی پر کندہ کر کے استعمال کریں، موثر ثابت ہوگا۔

خون کے چھینٹے

خون کے چھینٹے گھر میں پڑتے ہیں۔ ایسے ہی ملتے جلتے مسائل کے حل کے لیے بھی کئی خطوط ملتے ہیں۔ ان کا حل یہ ہے کہ سورہ اخلاص (قل ھو اللہ احد) کے علاوہ باقی تینوں قلوں کو زعفران سے تحریر کر کے تمام متاثرہ مقامات پر لگا دیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اور وہ جو نجوم و عملیات کی سمجھ رکھتے ہیں وہ ان سورتوں کے اعداد نکال کر متاثرہ فرد کے اعداد اس میں

جمع کر کے چاروں چالوں میں مربع نقوش بنائیں اور حسب قاعدہ ان کو استعمال میں لائیں۔

جادو ٹونے سے نجات

وہ جو جادو ٹونے کا شکار ہوں وہ بھی مندرجہ بالا عمل کو اکیس مرتبہ تحریر کریں اور روزانہ استعمال میں لائیں۔ یعنی تینوں سورتوں کو روزانہ اکیس مرتبہ تحریر کر کے روزانہ ایک نقش کو پانی میں گھول کر پینا ہے۔

دشمنوں پر غلبہ

وہ جو چاہیں کہ ان کو دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو اور دشمن زیر نگین ہوں۔ وہ روزانہ ہر صلوۃ کے بعد 19 دفعہ سورہ فتح کی تلاوت کریں۔ انشاء اللہ دشمن زیر ہوں گے اور ان کو دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو گا اور حسب منشاء پوزیشن ملے گی۔

تسخیر دشمن

وہ جو چاہیں کہ ان کو دشمنوں پر غلبہ ہو اور ان کے دشمن تسخیر ہو جائیں ان کو چاہیے کہ روزانہ بعد از فجر سورہ حجر کو 100 بار پڑھے۔ ناغہ نہ ہو اور مسلسل چالیس دن یہ وظیفہ کرے۔ انشاء اللہ دشمن تسخیر ہوں گے۔

زنانہ رویہ/مردانہ خصائص

ایک پریشان حال باپ نے اپنے بیٹے کی اصلاح کے لیے روحانی عمل پوچھا ہے جو کہ مرد کم اور عورت زیادہ ہے۔یعنی لڑکا ہونے کی بجائے اس کی عادات' حرکات وسکنات لڑکیوں سے ملتی جلتی ہیں۔ لڑکوں میں بیٹھنے اور کھیلنے کی بجائے لڑکیوں کی محفل اور کھیل اس کو پسند ہیں۔

وہ تمام والدین جو ایسے ہی مسائل کا شکار ہوں وہ درجہ اول کا خالص زعفران لے کر اس کی آب زم زم کے ذریعے روشنائی بنائیں اور اس سے سورہ الممتحنہ کی آیت نمبر 36 تا 39 کو تحریر کر کے پینے کے لیے دیں۔ انشاءاللہ مفید ثابت ہوگا۔

اس سلسلے میں اس عمل کا دوسرا حصہ تحریر کر رہا ہوں اس پر بھی عمل مثبت نتائج لائے گا۔

عمل کچھ یوں ہے کہ شرف مریخ یا ساعت مریخ یا شرف شمس یا ساعت شمس میں ان آیات کو تانبے کی پلیٹ پر کندہ کریں اور اس پلیٹ کو شیشے کے برتن میں رکھ دیں اور متاثرہ فرد کو اس پانی کو استعمال کروائیں۔

وہ جو عملیات کی سمجھ رکھتے ہیں یا اچھے عامل سے واقف ہیں وہ ان آیات کے اعداد کو فرد کے نام کے اعداد میں شامل کر کے تانبے پر لوح بنا کر دیں جو متاثرہ فرد گلے میں ڈال کر رکھے۔ جو گنجائش رکھتے ہوں وہ سونے پر تیار کروائیں' چاندی پر نقش تیار کرنی' مزید خرابی ہوگی۔ یہ لوح آپ ادارہ ہذا سے بھی تیار کروا سکتے ہیں۔

مردانہ خصائص کی زیادتی کے لیے یعنی جو مردانہ کمزوری کا شکار ہوں وہ بھی اس طریقہ کار سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

=====

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

زائچہ جات/ حالات زندگی وغیرہ

ادارے کے زیر اہتمام جاری زائچہ سازی کے کام سے آپ بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آپ اپنا یا شریک حیات یا بچوں یا بہن بھائی یا ہونے والی بیوی یا شوہر یا کاروباری ساتھی یا کسی دوست یا کسی دشمن وغیرہ کا زائچہ بنوانے اور حالات زندگی معلوم کرنے کی خواہش مند ہوں تو بالمشافہ مل کر یا خط کے ذریعے کوائف ارسال کر کے زائچہ اور حالات زندگی استخراج کروا سکتے ہیں۔

بچے کا نام

علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروائیں آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ نام نام والدہ' تاریخ' وقت اور مقام پیدائش ہمراہ فیس کے ارسال کر کے بچے کا نام استخراج کروائیں۔

وقتی زائچہ زائچہ شادی/ زائچہ کاروبار/ زائچہ اولاد/ زائچہ صحت/ زائچہ سحر وغیرہ

مستقبل کے حوالے سے کسی ایک خاص معاملے یا امر کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے لیے زائچہ سوال بنایا جاتا ہے۔ اس معاملے سے متعلق تمام سوالوں کے جواب اس زائچے سے دیئے جائیں گے۔ یہ زائچہ بنوانے کے لیے نام نام والدہ' تاریخ' وقت اور مقام پیدائش بمعہ سوال تحریر کرنے کی تاریخ' وقت اور مقام سوال ہمراہ فیس ارسال کریں۔

خوش قسمتی کا پتھر

خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟ حصول صحت، دفع سحر اور دیگر مسائل کے حل کے لیے موزوں پتھر کا انتخاب۔ نام نام والدہ تاریخ' وقت اور مقام پیدائش ہمراہ فیس کے ارسال کر کے خوش قسمتی کا پتھر معلوم کریں۔

حالات زندگی 23 اہم امور

زندگی کے ان 23 اہم امور پر یہ نجومی رپورٹ تیار کی جاتی ہے۔ مزاج و کردار۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات۔ محبت اور رومانس۔ مشاغل۔ صحت۔ مالی حالت۔ طریق زندگی۔ کیریئر۔ روزگار۔ خوش قسمتی کا پتھر۔ خوش قسمتی کی دھات۔ خوش قسمتی کا دن۔ خوش قسمتی کا رنگ۔ آپ کا برج۔ آپ کا کوکب۔ اسم الٰہی برائے ذکر۔ زائچہ پیدائش۔ شرف و ہبوط کواکب۔ خوش قسمتی کا عدد۔ خصوصی صدقات۔ قمری برج اور کوکب اور اس کے اثرات۔ شمسی برج کوکب اور اس کے اثرات۔ طالع برج کوکب اور اس کے اثرات۔ یہ رپورٹ حاصل کرنے کے لیے نام نام والدہ تاریخ' وقت اور مقام پیدائش ہمراہ فیس ارسال کریں۔

تقدیر   پیدائشی زائچہ پر احکام

بوقت پیدائش آسمان پر موجود کواکب مختلف انداز اور طریقے سے انسانی زندگی کے ہر پہلو پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ رپورٹ آپ پر آپ کو آشکار کرے گی کہ فطرت نے آپ اور آپ سے متعلقہ معاملات کے حوالے سے کیا طے کر رکھا ہے؟ آپ کے اندر موجود مختلف صلاحیتوں کے بارے میں فطری رازوں سے آپ کی آشنائی کروائی جائے گی۔
اس رپورٹ میں تمام کواکب یعنی قمر، شمس، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، یورانس، نیپچون اور پلوٹو کی آپ کے زائچہ میں موجود مختلف بروج اور گھروں میں موجودگی کے اثرات کو بیان کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ان کواکب کی آپس میں، طالع اور عاشر سے بننے والی نظرات کو بمعہ تمام گھروں کے حاکموں کے دوسرے گھروں میں قابض ہونے سے پیدا ہونے والے اثرات کو بھی بیان کیا جائے گا۔

آنے والا کل   ٹرانزٹ رپورٹ

کیا آپ اس بات کو جاننا چاہتے ہیں کہ موجودہ اور آنے والے وقت میں کواکب کی فطری حرکت کس انداز میں آپ کی زندگی پر اثر انداز ہوگی؟ آپ کے آنے والے ماہ و سال آپ کے لیے کیا لے کر آ رہے ہیں؟ آپ کو کن حالات و اتفاقات سے واسطہ پڑ سکتا ہے؟ یہ سب کچھ جاننے کے لیے درج ذیل رپورٹ آپ کے لیے حد درجہ مفید ثابت ہوگی۔
یہ رپورٹ ان کواکب کی اثرات کو ظاہر کرتی ہے جو کسی بھی خاص عرصہ میں شمس اور دیگر کواکب کے زائچہ کے مختلف گھروں میں داخلے کی وجہ سے جنم لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ جب ٹرانزٹ میں موجود کواکب مختلف گھروں میں داخل ہونے پر پیدائشی زائچہ میں موجود اساسی کواکب کے ساتھ سعد اور نحس نظر بناتے ہیں تو ان کے بھی خصوصی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جن کو بیان کیا جائے گا۔ یوں کسی بھی ایک خاص عرصہ کے اندر ہونے والی ہر ممکنہ تبدیلی بہتری اور خرابی سے آپ آگاہ ہو سکیں گے۔ اس رپورٹ کی مدد سے آپ اپنی زندگی کو بہتر طور پر پلان کر سکیں گے اور زیادہ بہتر نتائج حاصل کر سکیں گے۔ یہ رپورٹ تفصیل اور جامعیت کا ایک حسین امتزاج ہے۔

ساڑھ ستی

کہیں آپ ساڑھ ستی کا شکار تو نہیں ہیں؟ زحل جب بھی حرکت کرتا ہوا پیدائشی زائچہ کے بارہویں، پہلے اور دوسرے گھر سے گزرتا ہے تو یہ عرصہ انسان کو مختلف الانواع مسائل جیسے کہ قرض، اخراجات کی زیادتی، غلط فیصلے، مالی تنگیوں اور پریشانیوں کے گرداب میں پھنسا جاتا ہے اور یوں اُس کی زندگی ناکامی و نامرادی کا شکار ہو کر ذلت کا نشان بن کر رہ جاتی ہے۔ اس حوالے سے ادارہ "راہنمائے عملیات" نے یہ انتظام کیا ہے کہ آپ اس بات کو جان سکیں کہ کہیں آپ ساڑھ ستی کا شکار تو نہیں ہیں اور اگر ہیں تو اس حوالے سے بچاؤ کے اقدامات تجویز کیے جائیں گے جن پر عمل پیرا ہو کر آپ اپنے آپ کو پریشانیوں سے بچا پائیں گے۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر